ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(431)۔28-07-2022

بہاول پور() پولیس کی گزشتہ 02دنوں میں منشیات فروشوں اورغیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں، متعدد ملزمان گرفتار، منشیات اورناجائز اسلحہ برآمد، مقدمات درج، سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب فیصل شاہکار کی پالیسی "جرائم سے پاک معاشرہ" پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کے مطابق بہاول پور پولیس جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کرلیا۔ تھانہ سٹی احمد پور شرقیہ اور نوشہرہ جدید پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان غلام عباس اور قیصر عباس کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 270 لیٹر شراب، 100 لیٹر لہن معہ چالو بھٹی برآمد کرلی۔ پولیس تھانہ عباسنگر اور سول لائنز نے منشیات فروش ملزم غلام نقی اور وقاص 1500 گرام چرس برآمد کرلی۔ تھانہ اوچ شریف، بغداد الجدید، سٹی احمد پور شرقیہ، س۔سٹی حاصلپور، صدر حاصلپور پولیس نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان سمیع اللہ، غلام عباس اور عابد کے قبضہ سے 01 عدد بندوق 12 بور اور 05 عدد پسٹل 30 بور برآمد کر لیے۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(432)_28-07-2022

بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی اپنے دفتر میں کھلی کچہری، 24 شہریوں نے اپنے مسائل ڈی پی او کے سامنے رکھے، انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں حل کرنے کے احکامات جاری کیے، کھلی کچہری کا مقصد بلا تاخیر شہریوں کے مسائل کو میرٹ پر حل کرنا ہے-

ڈی پی او عبادت نثار تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او عبادت نثار کی روزانہ کی بنیاد پر اپنے دفتر میں کھلی کچہری، جس میں 24 شہریوں نے شرکت کی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں تمام سائلین کو تفصیل سے سنا اور انفرادی طور پر متعلقہ افسران کو بروقت قانونی کارروائی اور واپسی رپورٹ کے احکامات جاری کیے۔ڈی پی او نے کھلی کچہری میں شہریوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کھلی کچہری میری اولین ترجیح ہے تاکہ دور دراز سے آنے والے شہریوں کے مسائل سن کر ان کی دادرسی کی جا سکے۔ڈی پی او نے دوران کھلی کچہری افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ میرٹ کو بنیادی اصول بناتے ہوئے شہریوں کے مسائل تھانہ کی سطح پر ہی حل کیے جائیں جو کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے۔عام آدمی کو اس کی دہلیز پر انصاف کی بروقت فراہمی کے لیے تمام تر وسائل کو بروئے کار لایا جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کا مقصد عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا اور عوام اور پولیس کے مابین فاصلے مٹانا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس

بہاول پور:ڈی پی او عبادت نثار اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سنتے ہوئے۔